# Joint Press Release of the 4th India-Singapore Joint Working Group Meeting on Combating Terrorism and Transnational Crime

May 21, 2022

## دہشت گردی اور بین الاقوامی جرائم کا مقابلہ کرنے کے لیے ہندوستان- سنگاپور کے مشترکہ ورکنگ گروپ کی چوتھی میٹنگ کی مشترکہ پریس ریلیز

21 مئی، 2022

ہندوستان اور سنگاپور کے درمیان دہشت گردی اور بین الاقوامی جرائم سے نمٹنے کے مشترکہ ورکنگ گروپ کی چوتھی میٹنگ سنگاپور میں 18 سے 19 مئی 2022 تک منعقد ہوئی۔ جناب مہاویر سنگھوی، ہندوستان کی وزارت خارجہ میں انسداد دہشت گردی کے جوائنٹ سکریٹری اور سنگاپور کی وزارت داخلہ کے ڈپٹی سیکرٹری (پالیسی) جناب پوہ کوک کیونگ نے اجلاس کی مشترکہ صدارت کی۔

تزویراتی شراکت داروں کے طور پر، ہندوستان اور سنگاپور نے سرحد پار دہشت گردی سمیت تمام شکلوں میں دہشت گردی کی سخت مذمت کی، اور دہشت گردی کا مقابلہ کرنے کے لیے جامع انداز میں بین الاقوامی تعاون کو بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا۔

مشترکہ ورکنگ گروپ نے اس بات پر بھی زور دیا کہ تمام ممالک کو اس بات کو یقینی بنانے کے لیے فوری اور مستقل کارروائی کرنی چاہیے کہ ان کے زیر کنٹرول کوئی بھی علاقہ دوسروں پر دہشت گرد حملوں کے لیے استعمال نہ ہو اور اس طرح کے دہشت گردانہ حملوں کے مرتکب افراد کو جلد از جلد انصاف کے کٹہرے میں لانے کی ضرورت پر اتفاق کیا۔

مشترکہ ورکنگ گروپ نے انسداد دہشت گردی کے عصری چیلنجوں پر تبادلہ خیال کیا جن میں دہشت گردوں کی سرحد پار نقل و حرکت، بنیاد پرستی کا مقابلہ، دہشت گردی کی مالی معاونت کا مقابلہ کرنا اور دہشت گردوں کے انٹرنیٹ کے استعمال سے نمٹنا شامل ہے۔ مشترکہ ورکنگ گروپ نے قومی، علاقائی اور عالمی دہشت گردی کے خطرے کی تشخیص، سائبر کرائمز، منشیات کی سمگلنگ اور بین الاقوامی منظم جرائم اور دہشت گردی کے درمیان گٹھ جوڑ پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ اس نے ان چیلنجوں سے نمٹنے میں سنگاپور اور ہندوستان کے درمیان تعاون کو مضبوط بنانے پر اتفاق کیا۔

مشترکہ ورکنگ گروپ نے اقوام متحدہ، آسیان اور ایف اے ٹی ایف جیسے کثیر الجہتی فورموں میں تعاون کو گہرا کرنے پر بھی تبادلہ خیال کیا۔

ہندوستان اور سنگاپور اپنی متعلقہ ایجنسیوں کے درمیان خاص طور پر معلومات کے تبادلے اور بہترین طریقوں، قانون کے نفاذ اور دہشت گردی اور بین الاقوامی جرائم کا مقابلہ کرنے کے لیے صلاحیت سازی کے شعبے میں مزید تعاون اور رابطے کے لیے پرعزم ہیں۔

**سنگاپور**

**21 مئی، 2022**

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.